3rd Senior Officials Meeting of Arab-India Cooperation Forum

January 12, 2021

عرب - ہندوستان تعاون فورم کے سینئر عہدیداروں کا تیسرا اجلاس

12 جنوری، 2021

عرب - ہندوستان تعاون فورم کے سینئر عہدیداروں کا تیسرا اجلاس 12 جنوری 2021 کو ویڈیو کانفرنس کے ذریعے منعقد ہوا۔ اس میٹنگ کی مشترکہ صدارت جناب سنجے بھٹاچاریہ، سکریٹری (سی پی وی اور او آئی اے) اور مصر کے معاون وزیر خارجہ اور عرب لیگ میں مصر کے مستقل نمائندے سفیر محمد ابو الخیر نے کی۔ اس میٹنگ میں ہندوستان اور عرب ممالک کے سینئر عہدیداروں کی شرکت کے ساتھ ساتھ لیگ آف عرب اسٹیٹس کے جنرل سکریٹریٹ نے بھی شرکت کی۔

2۔ سینئر عہدیداروں نے عرب دنیا اور ہندوستان کے مابین موجود تاریخی اور تہذیبی تعلقات کو یاد کیا، اور دونوں فریقوں کو مربوط بنانے میں تجارتی اور ثقافتی تعلقات کے رول کی نشاندہی کی۔ انہوں نے عرب - ہند تعاون کی مضبوط فاؤنڈیشن، عظیم امکانات اور وسیع توقعات کو سراہنے کے ساتھ ساتھ ہندوستان اور عرب ممالک کے تعلقات کو وسیع آفاق کی طرف بڑھانے کے لئے فورم کے کردار کو سراہا۔

3۔ سینئر عہدیداروں نے علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر باہمی تشویش کے امور پر تبادلہ خیال کیا، اور دونوں فریقین کے مابین باہمی تعاون اور کوآرڈینیشن میکانزم کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا، جس سے باہمی مفادات کو فائدہ ملے اور علاقائی اور بین الاقوامی امن وسلامتی کو برقرار رکھا جاسکے۔ اس سلسلے میں، انہوں نے مشرق وسطی میں علاقائی مسائل اور بحرانوں کے سیاسی حل کی ضرورت پر زور دیا، اور متعلقہ بین الاقوامی قانونی جواز کی قراردادوں اور متعلقہ معاہدوں اور حوالہ جات، خاص طور پر فلسطین کے مسئلے، شام، لیبیا اور یمن میں موجود بحرانوں کے حل کی تاکید کی اور بین الاقوامی قوانین کے اصولوں کے مطابق، دہشت گردی سے نمٹنے اور نیوی گیشن اور سمندری تحفظ کی آزادی کو یقینی بنانے میں تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

4۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کووڈ-19 وبائی بیماری کے پھیلاؤ کی وجہ سے دنیا کو جن غیر معمولی حالات اور چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا ہے، اس کے لئے اس وبائی مرض کے نتائج کا مقابلہ کرنے کے لئے بین الاقوامی اور علاقائی تعاون کو تقویت دینے کی ضرورت ہے، جس میں تنازعات اور بحرانوں سمیت دیگر امور شامل ہیں۔ اس تناظر میں، انہوں نے تشخیص اور علاج کے شعبوں میں ہندوستان اور عرب ممالک کے درمیان جاری باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا، اور کووڈ کے بعد معاشی بحالی کے لئے متعلقہ قومی طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

5۔ عرب فریق نے بین الاقوامی اسٹیج پر اور خاص طور پر باہمی تشویش کے علاقائی امور کے بارے میں ہندوستان کے مسلسل اہم کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے جمہوریہ ہند کو اقوام متحدہ کی

سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت سے دو سال کی مدت (2022-2021) کے انتخاب پر مبارکباد دی۔

6۔ سینئر عہدیداروں نے عرب ہندوستان تعاون فورم کے فریم ورک کے تحت بشمول مندرجہ ذیل شعبوں میں تعاون بڑھانے کے طریقوں اور ذرائع پر بھی تبادلہ خیال کیا:

- معیشت، تجارت اور سرمایہ کاری،
- توانائی اور ماحولیات،
- زراعت اور فوڈ سیکورٹی،
- سیاحت اور ثقافت،
- انسانی وسائل کی ترقی،
- تعلیم اور حفظان صحت،
- سائنس اور ٹکنالوجی، اور
- میڈیا

7۔ انہوں نے فورم کی مشترکہ سرگرمیوں کو جلد شیڈول کرنے پر اتفاق کیا، جس میں عرب - ہند ثقافتی تہوار کے تیسرے اجلاس، توانائی کے میدان میں عرب- ہندوستان تعاون پر سمپوزیم، پہلی عرب-ہندوستان یونیورسٹی صدور کانفرنس، میڈیا کے شعبہ میں عرب- ہندوستان تعاون پر دوسرا سمپوزیم، اور عرب - ہندوستان پارٹنرشپ کانفرنس کا چھٹے اجلاس کے انعقاد شیڈول شامل ہے۔

8۔ وہ دونوں فریقین کے لئے مناسب تاریخ پر ہندوستان میں عرب- ہندوستان تعاون فورم کا دوسرا وزارتی اجلاس منعقد کرنے کے منتظر نظر آئے۔

نئی دہلی

12 جنوری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.